# ریسورس پیک

اُردو

## برائے پلے گروپ

الباقیوانٹرنیشنل

# حرف ''ا'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ 'ا' کی آواز کی پہچان کر سکیں۔

☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔

☆ نقاط ملا کر ''ا'' درست طریقے سے لکھ سکیں۔

☆ ''ا'' کی پہچان کر سکیں۔

☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کر سکیں۔

☆ ''ا'' کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کر سکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ اردو کی کتاب

☆ ''ا'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر یا اور حقیقی اشیا، مثلاً: انار، انگور، امرود اور الماری۔

☆ ''ا'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، مثلاً: انار، انگور، امرود اور الماری۔

☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''ا''۔

☆ تختۂ تحریر۔

**کاروائی:**

☆ فلیش کارڈز کی مدد سے اشیا کی شناخت کروائیں۔

☆ ''ا'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔

☆ 'ا' کا تعارف کروائیں

ا۔ ''ا'' کی آواز ''اَلِف'' ہے۔

۲۔ ''ا'' انگریزی کے حرف A کی آواز دیتا ہے۔

☆ کیوآر کوڈ کی مدد سے ''ا'' کی آواز کی کہانی سنائیں۔

☆ کہانی سنانے کے بعد ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔ مثلاً:

ا۔ ''ا'' سے انار

۲۔ ''ا'' سے انگور

۳۔ ''ا'' سے امرود

۴۔ ''ا'' سے الماری

☆ بلی کی آوز پیدا کر کے طلبہ سے پوچھیں کہ کس کی آواز ہے۔

☆ کہ یہ 'ا' کی آواز ہے۔ ☆ 'ا' کی آواز پیدا کر کے بتائیں

☆ آواز کی مشق کے بعد تختۂ تحریر پر بڑا سا ''ا'' لکھیں۔ ''ا'' کو لکھتے ہوئے بچوں کو سمجھائیں کہ ''ا'' کو لکھنے کے لیے ہم اوپر کی جانب سے (سرخ تیر کے نشان) لکھنا شروع کریں گے اور نیچے کی جانب لے کر آئیں گے۔ تیر کی سمت کی بار بار وضاحت کر کے کام کروائیں۔

☆ آواز ''ا'' کی مشق کی دہرائی کروائیں۔

☆ تختۂ تحریر پر مختلف حروف لکھ کر طلبہ کو 'ا' کے گرد دائرہ بنانے کو کہیں۔

☆ اردو کتاب کے صفحہ نمبر 7 کو سامنے رکھتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ اس صفحے پر آپ کو کیا کیا نظر آ رہا ہے؟

☆ کتاب میں دی گئی STEAM کی سرگرمیاں مکمل کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کو نقاط ملا کر حرف 'ا' کتاب اور کاپی میں لکھنا سکھائیں۔

# حرف ''آ'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔ ☆ 'آ' کی آواز کی پہچان کر سکیں۔

☆ ''آ'' کی پہچان کر سکیں۔ ☆ ''آ'' درست طریقے سے لکھ سکیں۔

☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کر سکیں۔

☆ ''آ'' کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کر سکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ اردو کی کتاب۔

☆ ''آ'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا۔

☆ ''آ'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز۔

☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''آ''۔ ☆ تختۂ تحریر۔

**کاروائی:**

- ☆ فلیش کارڈز کی مدد سے اشیا کی شناخت کروائیں۔
- ☆ ''آ'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔
- ☆ کیوآر کوڈ کی مدد سے ''آ'' کی آواز کی کہانی سنائیں۔
- ☆ کہانی سنانے کے بعد ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔ مثلاً:

ا۔ ''آ'' سے آنکھ ۲۔ ''آ'' سے آم

- ☆ آواز کی مشق کے بعد تختہ تحریر پر بڑا سا ''آ'' لکھیں۔ ''آ'' کو لکھتے ہوئے بچوں کو سمجھائیں کہ ''ا'' کو لکھنے کے لیے ہم اوپر کی جانب سے (سرخ تیر کے نشان) لکھنا شروع کریں گے اور نیچے کی جانب لے کر آئیں گے۔ تیر کی سمت کی بار بار وضاحت کر کے کام کروائیں۔
- ☆ اردو کتاب کے صفحہ نمبر 10 کو سامنے رکھتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ اس صفحے پر آپ کو کیا کیا نظر آ رہا ہے؟
- ☆ مختلف اشیا کی تصاویر تختہ تحریر پر چسپاں کر کے طلبہ کو "آ" سے بننے والی اشیا کے کارڈز الگ کرنے کو کہیں۔
- ☆ کتاب میں دی گئی STEAM کی سرگرمیاں مکمل کروائیں۔
- ☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کو نقاط ملا کر کتاب اور کاپی میں حرف 'آ' لکھنا سکھائیں۔

# حرف ''ب'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

- ☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔
- ☆ طلبہ 'ب' کی آواز کی پہچان کر سکیں۔
- ☆ ''ب'' کی پہچان کر سکیں۔
- ☆ ''ب'' درست طریقے سے لکھ سکیں۔

☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کرسکیں۔

☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ''ب'' کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔

☆ ''ب'' کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کرسکیں۔

## معاوناتِ تدریس:

☆ اردو کی کتاب۔

☆ ''ب'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا، بندر، بلی، باجا، بطخ۔

☆ ''ب'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، مثلاً: بندر، بلی، باجا، بطخ۔

☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''ب''۔ ☆ تختہ ٔتحریر۔

## کاروائی:

☆ فلیش کارڈز کی مدد سے اشیا کی شناخت کروائیں۔

☆ ''ب'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔

ا۔ ''ب'' کی آواز ''بَا'' ہے۔ ۲۔ ''ب'' انگریزی کے حرف B کی آواز دیتی ہے۔

☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے ''ب'' کی کہانی سنائیں۔

☆ کہانی سنانے کے بعد ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔ مثلاً:

ا۔ ''ب'' سے بطخ ۲۔ ''ب'' سے بلی

۳۔ ''ب'' سے بندر ۴۔ ''ب'' سے باجا

☆ جماعت میں موجود بچوں سے حرف ''ب'' سے شروع ہونے والے ناموں کا تعارف کروائیں، جیسا کہ بشریٰ، بشیر، بُرہان اور بیلا وغیرہ۔

☆ آواز کی مشق کے بعد تختہ ٔتحریر پر بڑی سی ''ب'' لکھیں۔ ''ب'' کو لکھتے ہوئے بچوں کو سمجھائیں کہ ''ب'' کو لکھنے کے لیے ہم دائیں جانب سے (سرخ تیر کے نشان) لکھنا شروع کریں گے اور بائیں جانب لے کر آئیں گے۔ تیر کی سمت کی بار بار وضاحت کر کے کام کروائیں۔

☆ آواز ''ب'' کی دہرائی کروائیں۔

☆ اردو کتاب کے صفحہ 14 کو سامنے رکھتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ اس صفحے پر آپ کو کیا کیا نظر آ رہا ہے؟

☆ بچوں سے ''ب'' سے شروع ہونے والی کسی سبزی کا نام پوچھیں۔ (بینگن)

☆ طلبہ کے درمیان حروف کے فلیش کارڈز تقسیم کریں اور ان کو کہیں کہ جن کے پاس 'ب' کے فلیش کارڈز ہیں وہ الگ ہو جائیں۔

☆ طلبہ سے صفحہ نمبر 14 کی بلند خوانی کروانے کے بعد STEAM کی سرگرمیاں کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ سے نقاط ملا کر کتاب اور کاپی پر 'ب ' لکھنے کی مشق کروائیں۔

# حرف ''پ'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔

☆ "ب" کی آواز پہچان سکیں۔

☆ ''پ'' درست طریقے سے لکھ سکیں۔

☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کر سکیں۔

☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ''پ'' کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔

☆ ''پ'' کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کر سکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ اردو کی کتاب

☆ ''پ'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا، پتا، پنکھا، پتنگ، پری۔

☆ ''پ'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، پتا، پنکھا، پتنگ، پری۔

☆ تختۂ تحریر۔

**کاروائی:**

☆ فلیش کارڈز کی مدد سے اشیا کا تعارف کروائیں۔

☆ "پ" کی آواز کا تعارف کروائیں۔

☆ "پ" کا تعارف کروائیں۔

ا۔ "پ" کی آواز "پا" ہے۔ 2۔ "پ" انگریزی کے حرف P کی آواز دیتی ہے۔

☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے ''پ'' کی کہانی سنائیں۔

☆ کہانی سنانے کے بعد ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔ مثلاً:

ا۔ ''پ'' سے پتا ۲۔ ''پ'' سے پری ۳۔ ''پ'' سے پتنگ

۴۔ ''پ'' سے پرویز ۵۔ ''پ'' سے پنکھا

☆ جماعت میں موجود بچوں سے حرف ''پ'' سے شروع ہونے والے ناموں کا تعارف کروائیں، جیسا کہ پروین، پاکیزہ اور پرویز وغیرہ۔

☆ آواز کی مشق کے بعد تختہ ءتحریر پر بڑی سی ''پ'' لکھیں۔ ''پ'' کو لکھتے ہوئے بچوں کو سمجھائیں کہ ''پ'' کو لکھنے کے لیے ہم دائیں جانب سے (سرخ تیر کے نشان) لکھنا شروع کریں گے اور بائیں جانب لے کر آئیں گے۔ تیر کی سمت کی بار بار وضاحت کر کے کام کروائیں۔ ''پ'' کو لکھنا سکھاتے ہوئے بچوں کو یہ بھی سمجھائیں کہ ''ب'' اور ''پ'' کو لکھتے ہوئے بنیادی فرق نقطوں کا ہے۔ ''ب'' کے نیچے ایک نقطہ ہوتا ہے، جبکہ ''پ'' کے نیچے تین نقطے ہوتے ہیں۔

☆ آواز ''پ'' کی دہرائی کروائیں۔

☆ اردو کتاب کے صفحہ نمبر 17 کو سامنے رکھتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ اس صفحے پر آپ کو کیا کیا نظر آ رہا ہے؟

☆ بچوں سے ''پ'' سے شروع ہونے والی کسی سبزی کا نام پوچھیں۔ (پیاز)

☆ بچوں سے ''پ'' سے شروع ہونے والے کسی پھل کا نام پوچھیں۔ (پپیتا)

☆ بچوں سے ''پ'' سے شروع ہونے والی کسی ایسی چیز کا نام پوچھیں جس کا استعمال کمرہ جماعت میں ہو۔ (پنسل)

☆ تختہ تحریر پر مختلف حروف لکھیں اور مختلف طلبہ کو بلا کر 'پ' کے گرد دائرہ لگائیں۔

☆ STEAM کی سرگرمیاں مکمل کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کو نقاط ملا کر کاپی اور کتاب میں "پ" لکھنے کی مشق کروائیں۔

# حرف ''ت'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ ''ب'' اور ''پ'' کا اعادہ کر سکیں۔

☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔

☆ ''ت'' کی پہچان کر سکیں۔

☆ "ت" کی آواز پہچان سکیں۔

☆ ''ت'' درست طریقے سے لکھ سکیں۔

☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کر سکیں۔

☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ''ت'' کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔

☆ ''ت'' کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کر سکیں۔

## معاوناتِ تدریس:

☆ ''ت'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا: تالا، تتلی، تربوز، تیتر۔

☆ ''ت'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز: تالا، تتلی، تربوز، تیتر۔

☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''ت''۔ ☆ تختہ ءتحریر۔

## کاروائی:

☆ فلیش کارڈز کی مدد سے اشیا متعارف کروائیں۔

☆ کیوآر کوڈ کی مدد سے کہانی سنائیں۔

☆ ''ت'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔

۱۔ ''ت'' کی آواز ''تا'' ہے۔ ۲۔ ''ت'' انگریزی کے حرف T کی آواز دیتی ہے۔

☆ 'ت' کا تعارف کروائیں۔

☆ بچوں کو یہ بتائیں کہ ''ب اور پ'' کی طرح، حرف ''ت'' کا تعلق بھی ''ب'' کے خاندان سے ہی ہے۔

☆ جماعت میں موجود بچوں سے حرف ''ت'' سے شروع ہونے والے ناموں کا تعارف کروائیں، جیسا کہ تابش، تنویر، تیمور، تنزیلہ، تحریم اور تاج وغیرہ۔

☆ آواز کی مشق کے بعد تختہ ءتحریر پر بڑی سی ''ت'' لکھیں۔ ''ت'' کو لکھتے ہوئے بچوں کو سمجھائیں کہ ''ت'' کو لکھنے کے لیے ہم دائیں جانب سے (سرخ تیر کے نشان) سے لکھنا شروع کریں گے اور بائیں جانب لے کر آئیں گے۔ تیر کی سمت کی بار بار وضاحت کر کے کام کروائیں۔ ''ت'' کو لکھنا سکھاتے ہوئے بچوں کو یہ بھی سمجھائیں کہ ''ب، پ'' اور ''ت'' کو لکھتے ہوئے بنیادی فرق نقطوں کا ہے۔ ''ب'' کا ایک نقطہ ہوتا ہے، جبکہ ''پ'' کے نیچے تین نقطے ہوتے ہیں اور ''ت'' کے اوپر دو نقطے ہوتے ہیں۔ ''ب اور پ'' کے نقطے نیچے ہوتے ہیں، جب کہ ''ت'' کے نقطے اوپر ہوتے ہیں۔

☆ اردو کتاب کے صفحہ نمبر 20 کو سامنے رکھتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ اس صفحے پر آپ کو کیا کیا نظر آرہا ہے؟

☆ بچوں کو ''ایک تھا تیتر ایک بٹیر'' کی نظم سنائیں۔ نظم باآواز بلند سنائیں اور زبانی یاد کروائیں۔ نظم کا رول پلے بھی کروائیں۔

☆ بچوں سے ''ت'' سے شروع ہونے والے کسی پھل کا نام پوچھیں۔ (تربوز)

☆ بچوں سے ''ت'' سے شروع ہونے والے کسی عمل کے بارے میں پوچھیں۔ (تالی بجانا)

☆ تختہ تحریر پر مختلف اشیا کی تصاویر چسپاں کر کے طلبہ سے ان کی ابتدائی آواز پوچھیں۔

☆ طلبہ سے صفحہ 20 کی بلند خوانی کروانے کے بعد STEAM کی سرگرمیاں مکمل کروائیں۔

☆ دو پیریڈ میں طلبہ کو نقاط ملا کر کاپی اور کتاب میں "ت" لکھنے کی مشق کروائیں۔

# حرف ''ٹ'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ ''ب، پ، ت'' کا اعادہ کر سکیں۔ ☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔

☆ ''ٹ'' کی پہچان کر سکیں۔ ☆ "ٹ" کی آواز پہچان سکیں۔ ☆ ''ٹ'' درست طریقے سے لکھ سکیں۔

☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کر سکیں۔

☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ''ٹ'' کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔

☆ ''ٹ'' کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کر سکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ اردو کتاب۔

☆ ''ٹ'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا: ٹوپی، ٹیلی فون، ٹوکری، ٹی وی، ٹماٹر۔

☆ ''ٹ'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز: ٹوپی، ٹیلی فون، ٹوکری، ٹی وی، ٹماٹر۔

☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''ٹ''۔ ☆ تختہ تحریر۔

**کاروائی:**

☆ ''ٹ'' سے شروع ہونے والی اشیا کی تصاویر یا ان کے فلیش کارڈز ٹوکری میں رکھ کر متعارف کروائیں۔

☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے ''ٹ'' کی کہانی سنائیں۔

☆ کہانی سنانے کے بعد ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔ مثلاً:

۱۔ ''ٹ'' سے ٹماٹر ۲۔ ''ٹ'' سے ٹوکری ۳۔ ''ٹ'' سے ٹی وی

۴۔ ''ٹ'' سے ٹوپی ۵۔ ''ٹ'' سے ٹیلی فون

☆ ''ٹ'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔ ☆ 'ٹ' کا تعارف کروائیں۔

۱۔ ''ٹ'' کی آواز ''ٹا'' ہے۔ ۲۔ ''ٹ'' انگریزی کے حرف T کی آواز دیتی ہے۔

☆ بچوں کو یہ بتائیں کہ ''ب، پ، ت'' کی طرح، حرف ''ٹ'' کا تعلق بھی ''ب'' کے خاندان سے ہی ہے۔

☆ بڑا سا ''ٹ'' تختہء تحریر پر لکھیں۔ بچوں کو ''ب، پ، ت'' اور ''ٹ'' کی آوازوں کے درمیان فرق بیان کریں۔ بچوں کو ''ب، پ، ت'' اور ''ٹ'' کی ظاہری شکل کے درمیان فرق بیان کریں کہ ''ب'' کے نیچے ایک نقطہ ہوتا ہے، ''پ'' کے نیچے تین نقطے ہوتے ہیں، ''ت'' کے اوپر دو نقطے ہوتے ہیں، جب کہ ''ٹ'' کے اوپر ایک ''ط'' ہوتی ہے۔

☆ بچوں کو نظم ''ٹوٹ بٹوٹ کے دو مرغے'' سنائیں:

ٹوٹ بٹوٹ کے دو مرغے دونوں تھے ہشیار
ایک مرغے کا نام تھا گیٹو ایک کا نام گیٹار

☆ آواز کی مشق کے بعد تختہء تحریر پر بڑی سی ''ٹ'' لکھیں۔ ''ٹ'' کو لکھتے ہوئے بچوں کو سمجھائیں کے ''ٹ'' کو لکھنے کے لیے ہم دائیں جانب سے (سرخ تیر کے نشان) سے لکھنا شروع کریں گے اور بائیں جانب لے کر آئیں گے۔ تیر کی سمت کی بار بار وضاحت کر کے کام کروائیں۔

☆ اردو کتاب کے صفحہ نمبر 23 کو سامنے رکھتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ اس صفحے پر آپ کو کیا کیا نظر آ رہا ہے؟

☆ بچوں سے ''ٹ'' سے شروع ہونے والی کسی سواری یا گاڑی کا نام پوچھیں۔ (ٹرک)

☆ بچوں سے ''ٹ'' سے شروع ہونے والی کسی مٹھائی کا نام پوچھیں۔ (ٹافی)

☆ طلبہ سے ہوا میں "ٹ" لکھنے کی مشق کروائیں۔

☆ طلبہ کو ''ٹ'' سے متعلقہ STEAM کی سرگرمیوں کی جانب راغب کریں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ سے نقاط ملا کر کتاب اور کاپی میں ٹ لکھوائیں۔

# حرف ''ث'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ ''ب، پ، ت، ٹ'' کا اعادہ کر سکیں۔ ☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔

☆ ''ث'' کی پہچان کر سکیں۔ ☆ "ث" کی آواز پہچان سکیں۔ ☆ ''ث'' درست طریقے سے لکھ سکیں۔

☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کر سکیں۔ ☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ''ث'' کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔

☆ ''ث'' کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کر سکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ اردو کتاب۔ ☆ ''ث'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا۔ ثمر۔

☆ ''ث'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز۔ ثمر۔ ☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''ث''۔

☆ تختۂ تحریر۔

**کاروائی:**

☆ طلبہ کو کیو آر کوڈ کی مدد سے "ث" کی کہانی سنائیں۔

☆ ''ث'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔

☆ حرف ''ث'' کا تعارف کروائیں۔

ا۔ ''ث'' کی آواز ''ثا'' ہے۔ ۲۔ ''ث'' انگریزی کے حرف S کی آواز دیتی ہے۔

☆ جماعت میں اگر کسی بچے کا نام ''ث'' سے شروع ہوتا ہو جیسا کہ ''ثمینہ، ثاقب، ثمن اور ثانیہ'' وغیرہ تو ان کے بارے میں بتائیں۔

☆ اردو کتاب کے صفحہ نمبر 26 پر نظر آنے والی تصویر کا فلیش کارڈ بچوں کو دکھائیں۔

☆ بچوں کو یہ بتائیں کہ ''ب، پ، ت، ٹ'' کی طرح، حرف ''ث'' کا تعلق بھی ''ب'' کے خاندان سے ہی ہے۔

☆ بڑی سی ''ث'' تختۂ تحریر پر لکھیں۔ بچوں کو ''ب، پ، ت، ٹ'' اور ''ث'' کی آوازوں کے درمیان فرق بیان کریں۔ بچوں کو ''ب، پ، ت، ٹ'' اور ''ث'' کی ظاہری شکل کے درمیان فرق بیان کریں کہ ''ب'' کے نیچے ایک نقطہ ہوتا ہے، ''پ'' کے نیچے تین نقطے ہوتے ہیں، ''ت'' کے اوپر دو نقطے ہوتے ہیں، ''ٹ'' کے اوپر ایک ''ط'' ہوتی ہے جب کہ ''ث'' کے اوپر تین نقطے ہوتے ہیں۔

☆ ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔ مثلاً: ''ث'' سے ثمر

☆ بچوں سے ''ث'' سے شروع ہونے والے کسی شربت کا نام پوچھیں۔ (شربت ثمر قند)

☆ طلبہ سے ہوا میں "ث" لکھنے کی مشق کروائیں۔

☆ طلبہ سے کتاب کے صفحہ 26 کی بلند خوانی کروا کے STEAM کی سرگرمیاں مکمل کروائیں۔

☆ دو پیریڈ میں طلبہ سے نقاط ملا کر 'ث' لکھنے کی مشق کروائیں۔

**دہرائی:**

☆ تختہ تحریر پر مختلف اشیا کے فلیش کارڈز چسپاں کر کے طلبہ سے ان کے نام اور شروع کی آوازیں پوچھیں۔

☆ تصاویر کے نیچے مختلف حروف لکھ کر طلبہ سے درست حرف کا انتخاب کرنے کو کہیں۔

☆ تختہ تحریر کو دو حصوں میں بانٹ کر ایک حصے میں حروف اور دوسرے میں اشیا کے فلیش کارڈز چسپاں کر کے طلبہ کو حروف اشیا سے ملانے کو کہیں۔

# حرف ''ج'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ "ج" کی آواز کی شناخت کر سکیں۔

☆ ''ج'' کی پہچان کر سکیں۔ ☆ ''ج'' کا ذخیرہ الفاظ بتا سکیں۔

☆ ''ج'' کی لکھائی کر سکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ تختہ تحریر۔ ☆ جراب، جہاز، جال اور جائے نماز کی تصاویر یا فلیش کارڈز۔

☆ اردو کتاب۔

☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے بچوں کو ''ج'' کی آواز کی کہانی سنائیں: مثلاً

☆ سنائی گئی کہانی کا فلیش کارڈز کی مدد سے اعادہ کروائیں۔

**کاروائی:**

☆ ''ج'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔

۱۔ ''ج'' کی آواز ''جیم'' ہے۔ ۲۔ ''ج'' انگریزی کے حرف J کی آواز دیتا ہے۔

☆ بورڈ پر بڑا سا ''ج'' بنا کر آواز بتائیں۔

۱۔ ''ج'' سے جائے نماز (ایک بچے کو جائے نماز پر کھڑے ہو کر نماز پڑھتا ہوا دکھائیں)۔

۲۔ ''ج'' سے جراب (بچے کو جراب پہن کر جوتے پہننے کا طریقہ سکھائیں)۔

۳۔ ''ج'' سے جوکر (سرکس میں جوکر کی تصویر دکھائیں)۔

۴۔ ''ج'' سے جال (مچھیرے کو جال سے مچھلیاں پکڑتے ہوئے دکھائیں)۔

☆ بچوں سے ''ج'' سے شروع ہونے والی کسی مٹھائی کا نام پوچھیں۔(جلیبی)

☆ بچوں سے ''ج'' سے شروع ہونے والی کسی ایسی چیز کا نام پوچھیں جو ہم پاؤں پر پہنتے ہیں۔(جراب)

☆ بچوں سے ''ج'' سے شروع ہونے والی کسی ایسی چیز کا نام پوچھیں جس کی مدد سے ہم مچھلیاں پکڑتے ہیں۔(جال)

☆ بچوں سے ''ج'' سے شروع ہونے والے کسی ایسے کام کے بارے میں پوچھیں جو ہم روزانہ کرتے ہیں۔(جاگنا)

☆ طلبہ سے ہوا میں 'ج' لکھنے کی مشق کروائیں۔

☆ طلبہ کے درمیان مختلف حروف کے فلیش کارڈز تقسیم کریں اور جس کے پاس 'ج' کا فلیش کارڈ ہو کھڑا ہو جائے۔

☆ طلبہ سے صفحہ 30 کی بلند خوانی کروا کے STEAM کی سرگرمیاں مکمل کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ سے نقاط ملا کر کاپی اور کتاب میں 'ج' لکھوائیں۔

# حرف ''چ'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ طلبہ ''ج'' کا اعادہ کر سکیں۔

☆ ''چ'' کی پہچان کر سکیں۔

☆ ''چ'' کا ذخیرہ الفاظ بتا سکیں۔

☆ ''چ'' کی نمونہ لکھائی کر سکیں۔

☆ ''چ'' کی آواز پہچان سکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ تختۂ تحریر۔

☆ چائے، چابی، چوزہ اور چوہے کی تصاویر یا فلیش کارڈز۔

☆ اردو کتاب۔

☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے طلبہ کو "چ" کی کہانی سنائیں۔

**کاروائی:**

☆ ''چ'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔ ☆ 'چ' کا تعارف کروائیں۔

ا۔ ''چ'' کی آواز 'چا'' ہے۔ ۲۔ ''چ'' انگریزی کے حرف Ch کی آواز دیتی ہے۔

☆ بورڈ پر بڑی سی ''چ'' لکھ کر آواز بتائیں۔

ا۔ ''چ'' سے چوزہ ۲۔ ''چ'' سے چوہا

۳۔ ''چ'' سے چائے ۴۔ ''چ'' سے چابی

☆ سنائی گئی کہانی کا فلیش کارڈز کی مدد سے اعادہ کروائیں۔

☆ بچوں سے ''چ'' سے شروع ہونے والی کسی ایسی چیز کا نام پوچھیں جو رات کے وقت آسمان پر چمکتا ہے۔ (چاند)

☆ بچوں سے ''چ'' سے شروع ہونے والے کسی ایسے جانور کا نام پوچھیں جو سب سے تیز بھاگتا ہے۔ (چیتا)

☆ بچوں سے ''چ'' سے شروع ہونے والے کسی پھل کا نام پوچھیں۔ (چیری)

☆ صفحہ نمبر 33 کی بلند خوانی کے بعد STEAM کی سرگرمیاں کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ سے نقاط ملا کر کاپی اور کتاب میں "چ" لکھنے کی مشق کروائیں۔

# حرف ''ح'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ ''ج، چ'' کا اعادہ کر سکیں۔

☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔

☆ ''ح'' کی آواز کی پہچان کر سکیں۔ ☆ ''ح'' کی پہچان کر سکیں۔

☆ ''ح'' درست طریقے سے لکھ سکیں۔ ☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کر سکیں۔

☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ''ح'' کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔

☆ ''ح'' کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کر سکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ اردو کتاب۔

☆ ''ح'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا: حجام، حلوہ، حوض۔

☆ ''ح'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، مثلاً: حجام، حلوہ، حوض۔

☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''ح''۔ ☆ تختہ ءتحریر۔

**کاروائی:**

☆ فلیش کارڈز کی مدد سے تصاویر کی شناخت کروائیں۔

☆ ''ح'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔ "ح" کا تعارف کروائیں۔

۱۔ ''ح'' کی آواز ''حا'' ہے۔ ۲۔ ''ح'' انگریزی کے حرف H کی آواز دیتی ہے۔

☆ ''ح'' کی آواز کی کہانی سنائیں۔

☆ کہانی سنانے کے بعد ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔ مثلاً:

۱۔ ''ح'' سے حلوہ ۲۔ ''ح'' سے حجام ۳۔ ''ح'' سے حوض

☆ اردو کتاب کے صفحہ نمبر 36 کو سامنے رکھتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ اس صفحے پر آپ کو کیا کیا نظر آ رہا ہے؟

☆ صفحہ 36 کی بلند خوانی کروانے کے بعد STEAM کی سرگرمیاں مکمل کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ نقاط ملا کر کاپی اور کتاب میں 'ح' لکھوائیں۔

# حرف ''خ کا تعارف''

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ ''ج، چ'' اور ''خ'' کا اعادہ کر سکیں۔ ☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔

☆ ''خ'' کی پہچان کر سکیں۔ ☆ "ح کی آواز پہچان سکیں" ☆ ''خ'' درست طریقے سے لکھ سکیں۔

☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کر سکیں۔

☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ''خ'' کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔

☆ ''خ'' کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کرسکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ ''اردو کتاب۔

☆ ''خ'' کے ذخیرہ الفاظ پرمبنی تصاویر یا حقیقی اشیا: خط، خربوزہ، خواب، خیمہ۔

☆ ''خ'' کے ذخیرہ الفاظ پرمبنی فلیش کارڈز: خط، خربوزہ، خواب، خیمہ۔

☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''خ''۔ ☆ تختہ ءتحریر۔

**کاروائی:**

☆ فلیش کارڈز کی مدد سے اشیا کا تعارف کروائیں۔

☆ کیوآر کوڈ کی مدد سے "خ" کی کہانی سنائیں۔

☆ ''خ'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔

☆ حرف ''خ'' کا تعارف کروائیں۔

۱۔ ''خ'' کی آواز ''خَا'' ہے۔ ۲۔ ''خ'' انگریزی کے حرف Kh کی آواز دیتی ہے۔

☆ بچوں کو یہ بتائیں کہ ''ج، چ، ح'' کی طرح، حرف ''خ'' کا تعلق بھی ''ج'' کے خاندان سے ہی ہے۔

☆ بڑی سی ''خ'' تختہ ءتحریر پر لکھیں۔ بچوں کو ''ج، چ، ح'' اور ''خ'' کی آوازوں کے درمیان فرق بیان کریں۔ بچوں کو ''ج، چ، ح'' اور ''خ'' کی ظاہری شکل کے درمیان فرق بیان کریں کہ ''ج'' کی کمر پر ایک نقطہ ہوتا ہے، ''چ'' کی کمر پر تین نقطے ہوتے ہیں، ''ح'' کی کمر پر کوئی نقطہ نہیں ہوتا ہے جب کہ ''خ'' کے سر پر ایک نقطہ ہوتا ہے۔

☆ ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔ مثلاً:

۱۔ ''خ'' سے خیمہ ۲۔ ''خ'' سے خط

۳۔ ''خ'' سے خربوزہ ۴۔ ''خ'' سے خواب

☆ جماعت میں موجود بچوں سے حرف ''خ'' سے شروع ہونے والے ناموں کا تعارف کروائیں، جیسا کہ خرم، خوبصورت، خادم اور خدیجہ وغیرہ۔

☆ ہوا، ریت، جلد پر انگلیوں اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے ''خ'' لکھوائیں۔

☆ اردو کتاب کے صفحہ نمبر 39 کو سامنے رکھتے ہوئے بچوں سے پوچھیں STEAM کی کہ اس صفحے پر آپ کو کیا کیا نظر آرہا ہے؟

☆ طلبہ سے STEAM کی سرگرمیاں مکمل کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ نقاط ملا کر کاپی اور کتاب میں "خ" لکھیں۔

# حرف ’’ذ‘‘ کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔

☆ ’’ذ‘‘ کی آواز کی پہچان کر سکیں۔

☆ ’’ذ‘‘ کی پہچان کر سکیں۔ ☆ ’’ذ‘‘ درست طریقے سے لکھ سکیں۔

☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کر سکیں۔

☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ’’ذ‘‘ کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔

☆ ’’ذ‘‘ کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کر سکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ اردو کتاب۔

☆ ’’ذ‘‘ کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا: دوات، دروازہ، دانت، دیوار۔

☆ ’’ذ‘‘ کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈ، مثلاً: دوات، دروازہ، دانت، دیوار۔

☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ’’ذ‘‘۔ ☆ تختۂ تحریر۔

**کاروائی:**

☆ فلیش کارڈز کی مدد سے ذخیرہ الفاظ کی شناخت کروائیں۔

☆ ’’ذ‘‘ کی آواز کا تعارف کروائیں۔

۱۔ ’’ذ‘‘ کی آواز ’’ذاؤل‘‘ ہے۔ ۲۔ ’’ذ‘‘ انگریزی کے حرف Th کی آواز دیتی ہے۔

☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے طلبہ کو ’’ذ‘‘ کی آواز کی کہانی سنائیں۔

☆ کہانی سنانے کے بعد ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔ مثلاً:

۱۔ ’’د‘‘ سے دروازہ ۲۔ ’’د‘‘ سے دوات

۳۔ ’’د‘‘ سے دیوار ۴۔ ’’د‘‘ سے دانت

☆ آواز کی مشق کے بعد تختہ ٔ تحریر پر بڑی سی ’’د‘‘ لکھیں۔ ’’د‘‘ کو لکھتے ہوئے بچوں کو ’’د‘‘ کی بناوٹ سمجھانے کے لیے تیر کی سمت کی بار بار وضاحت کر کے کام کروائیں۔

☆ اردو کتاب کے صفحہ نمبر 43 کو سامنے رکھتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ اس صفحے پر آپ کو کیا کیا نظر آ رہا ہے؟

☆ طلبہ سے STEAM کی سرگرمیاں مکمل کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ نقاط ملا کر کاپی اور کتاب میں 'د' لکھ سکیں۔

# حرف ’’ڈ‘‘ کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔

☆ ’’ڈ‘‘ کی آواز کی پہچان کر سکیں۔

☆ ’’ڈ‘‘ کی پہچان کر سکیں۔

☆ ’’ڈ‘‘ درست طریقے سے لکھ سکیں۔

☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کر سکیں۔

☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ’’ڈ‘‘ کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ اردو کتاب۔

☆ ’’ڈ‘‘ کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا: ڈبل روٹی، ڈاکٹر، ڈول، ڈبہ۔

☆ ’’ڈ‘‘ کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، مثلاً: ڈبل روٹی، ڈاکٹر، ڈول، ڈبہ۔

☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''ڈ''۔ ☆ تختہ ٔ تحریر۔

**کاروائی:**

☆ فلیش کارڈز کی مدد سے اشیا کی شناخت کروائیں۔

☆ ''ڈ'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔ ☆ "ڈ" کا تعارف کروائیں۔

ا۔ ''ڈ'' کی آواز ''ڈال'' ہے۔ ۲۔ ''ڈ'' انگریزی کے حرف D کی آواز دیتی ہے۔

☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے ''ڈ'' کی کہانی سنائیں۔

☆ کہانی سنانے کے بعد ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔ مثلاً:

ا۔ ''ڈ'' سے ڈاکٹر ۲۔ ''ڈ'' سے ڈبہ

۳۔ ''ڈ'' سے ڈول ۴۔ ''ڈ'' سے ڈبل روٹی

☆ جماعت میں موجود بچوں سے حرف ''ڈ'' سے شروع ہونے والے ناموں کا تعارف کروائیں، جیسا کہ ڈار، ڈوڈو۔

☆ آواز کی مشق کے بعد تختہ ٔ تحریر پر بڑی سی ''ڈ'' لکھیں۔

☆ اردو کتاب کے صفحہ نمبر 46 کو سامنے رکھتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ اس صفحے پر آپ کو کیا کیا نظر آ رہا ہے؟

☆ طلبہ سے STEAM کی سرگرمیاں مکمل کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ اپنی کاپیوں اور کتابوں میں نقاط ملا کر "ڈ " لکھ سکیں۔

# حرف ''ذ'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔ ☆ ''ذ'' کی پہچان کر سکیں۔

☆ ''ذ'' درست طریقے سے لکھ سکیں۔ ☆ "ذ" کی آواز پہچان سکیں۔ ☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کر سکیں۔

☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ''ذ'' کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔

☆ ''ذ'' کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کر سکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ اردو کتاب۔

☆ ''ذ'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا: (ذخیرہ)۔

☆ ''ذ'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈ، (ذخیرہ)۔

☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''ذ''۔ ☆ تختہ ءتحریر۔

**کاروائی:**

☆ فلیش کارڈز کی مدد سے اشیا کا تعارف کروائیں۔

☆ ''ذ'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔ ☆ "ذ" کا تعارف کروائیں۔

ا۔ ''ذ'' کی آواز ''ذال'' ہے۔ ۲۔ ''ذ'' انگریزی کے حرف Z کی آواز دیتی ہے۔

☆ بڑی سی ''ذ'' تختہ ءتحریر پر لکھیں۔ بچوں کو ''د، ڈ'' اور ''ذ'' کی آوازوں کے درمیان فرق بیان کریں۔ بچوں کو ''د، ڈ'' اور ''ذ'' کی ظاہری شکل کے درمیان فرق بیان کریں۔

☆ علامت ''ذ'' کا تعارف کروائیں۔

☆ ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔ مثلاً: ''ذ'' سے ذخیرہ

☆ جماعت میں موجود بچوں سے حرف ''ذ'' سے شروع ہونے والے ناموں کا تعارف کروائیں، جیسا کہ ذاکر، ذاکرہ وغیرہ۔

☆ آواز کی مشق کے بعد تختہ ءتحریر پر بڑی سی ''ذ'' لکھیں۔ ''ذ'' کو لکھتے ہوئے تیر کی سمت کی بار بار وضاحت کر کے کام کروائیں۔ ''ذ'' کو لکھنا سکھاتے ہوئے بچوں کو یہ بھی سمجھائیں کہ ''د'' اور ''ذ'' کو لکھتے ہوئے بنیادی فرق نقطوں کا ہے۔ ''ذ'' پر ایک نقطہ ہوتا ہے، جبکہ ''د'' پر کوئی نقطہ نہیں ہوتا۔

☆ اردو کتاب کے صفحہ نمبر 49 کو سامنے رکھتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ اس صفحے پر آپ کو کیا کیا نظر آ رہا ہے۔

☆ طلبہ سے STEAM کی سرگرمیاں کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ نقاط ملا کر کاپی اور کتاب میں 'ذ' لکھ سکیں۔

# حرف ''ر'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔

☆ ''ر'' کی پہچان کر سکیں۔ ☆ 'ر' کی آواز پہچان سکیں۔ ☆ ''ر'' درست طریقے سے لکھ سکیں۔

☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کر سکیں۔

☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ''ر'' کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔

☆ ''ر'' کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کر سکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ اردو کتاب۔

☆ ''ر'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا (ریچھ، ریل گاڑی، رسی، رکشہ)۔

☆ ''ر'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (ریچھ، ریل گاڑی، رسی، رکشہ)۔

☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''ر''۔ ☆ تختۂ تحریر۔

**کاروائی:**

☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے ''ر'' کی آواز کی کہانی سنائیں۔

☆ حرف ''ر'' کا تعارف کروائیں۔ ☆ ''ر'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔

ا۔ ''ر'' کی آواز ''را'' ہے۔ ۲۔ ''ر'' انگریزی کے حرف R کی آواز دیتی ہے۔

☆ بڑی سی ''ر'' تختۂ تحریر پر لکھیں۔

☆ جماعت میں موجود بچوں سے حرف ''ر'' سے شروع ہونے والے ناموں کا تعارف کروائیں، جیسا کہ راجہ، رقیہ، رمیض، رومان، رومانہ وغیرہ۔

☆ آواز کی مشق کے بعد تختۂ تحریر پر بڑی سی ''ر'' لکھیں۔ ''ر'' کو لکھتے ہوئے بچوں کو تیر کی سمت کی بار بار وضاحت کر کے کام کروائیں۔

☆ اردو کتاب کے صفحہ نمبر 53 کو سامنے رکھتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ اس صفحے پر آپ کو کیا کیا نظر آ رہا ہے؟

☆ بچوں سے ''ر'' سے شروع ہونے والے کسی عمل کے بارے میں پوچھیں۔ (رونا)

☆ معلّمہ طلبہ سے STEAM کی سرگرمیاں کروائے۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ نقاط ملا کر کتاب اور کاپی میں 'ر' لکھنے کی مشق کریں۔

# حرف ''ڑ'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ ''ر'' کا اعادہ کرسکیں۔
☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کرسکیں۔
☆ ''ڑ'' کی پہچان کرسکیں۔
☆ "ڑ" کی آواز پہچان سکیں۔
☆ ''ڑ'' درست طریقے سے لکھ سکیں۔
☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کرسکیں۔
☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ''ڑ'' کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔
☆ ''ڑ'' کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کرسکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ اردو کتاب۔
☆ ''ڑ'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا (پہاڑ، گاڑی، جھاڑو، آڑو)۔
☆ ''ڑ'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (پہاڑ، گاڑی، جھاڑو، آڑو)۔
☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''ڑ''۔
☆ تختۂ تحریر۔

**کاروائی:**

☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے ''ڑ'' کی کہانی سنائیں۔
☆ "ڑ" کی آواز اور حرف متعارف کروائیں۔
☆ ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔ مثلاً:

۱۔ ''ڑ'' سے گاڑی ۲۔ ''ڑ'' سے جھاڑو

۳۔ ''ڑ'' سے پہاڑ ۴۔ ''ڑ'' سے آڑو

☆ تختۂ تحریر پر بڑی سی ''ڑ'' لکھیں۔ ''ڑ'' کو لکھتے ہوئے بچوں کو تیر کی سمت کی بار بار وضاحت کر کے کام کروائیں۔ ''ڑ'' کو لکھنا سکھاتے ہوئے بچوں کو یہ بھی سمجھائیں کہ ''ز'' اور ''ڑ'' کو لکھتے ہوئے بنیادی فرق ''ط'' کا ہے۔ ''ز'' کا کوئی نقطہ نہیں ہوتا جب کہ ''ڑ'' پر نقطوں کی بجائے ہم ''ط'' لگاتے ہیں۔

☆ اردو کتاب کے صفحہ نمبر 56 کو سامنے رکھتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ اس صفحے میں آپ کو کیا کیا نظر آ رہا ہے؟

☆ بچوں سے ''ڑ'' سے شروع ہونے والی کسی سواری یا گاڑی کا نام پوچھیں۔ (گاڑی)

☆ بچوں سے ''ڑ'' سے شروع ہونے والی کسی مٹھائی کا نام پوچھیں۔ (ریوڑی)

☆ طلبہ سے STEAM کی سرگرمیاں کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ سے کاپی اور کتاب میں نقاط ملا کر "ڑ" لکھنے کی مشق کروائیں۔

# حرف ''ز'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ ''ر،ڑ'' کا اعادہ کر سکیں۔ ☆ طلبہ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔

☆ ''ز'' کی پہچان کر سکیں۔ ☆ "ز" کی آواز پہچان سکیں۔ ☆ ''ز'' درست طریقے سے لکھ سکیں۔

☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کر سکیں۔

☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ''ز'' کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔

☆ ''ز'' کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کر سکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ اردو کتاب۔

☆ ''ز'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا (زنجیر، زرافہ، زیبرا)۔

☆ ''ز'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (زنجیر، زرافہ، زیبرا)۔

☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''ز''۔ ☆ تختۂ تحریر۔

**کاروائی:**

☆ فلیش کارڈز کی مدد سے اشیا کا تعارف کروائیں۔

☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے "ز" کی کہانی سنائیں۔

☆ "ز" کی آواز کا تعارف کروائیں۔

☆ حرف ''ز'' کا تعارف کروائیں۔

☆ جماعت میں اگر کسی بچے کا نام ''ز'' سے شروع ہوتا ہو جیسا کہ ''زبیر، زرینہ، زرقہ'' وغیرہ تو اس کے بارے میں بتائیں۔

☆ ''ز'' کی آواز کا تعارف دوبارہ کروائیں۔

۱۔ ''ز'' کی آواز ''زَا'' ہے۔ ۲۔ ''ز'' انگریزی کے حرف Z کی آواز دیتی ہے۔

☆ بچوں کو یہ بتائیں کہ ''ر،ڑ'' کی طرح، حرف ''ز'' کا تعلق بھی ''ر'' کے خاندان سے ہی ہے۔

☆ بڑی سی ''ز'' تختہء تحریر پر لکھیں۔ بچوں کو ''ر،ڑ'' اور ''ز'' کی آوازوں کے درمیان فرق بیان کریں۔ بچوں کو ''ر،ڑ'' اور ''ز'' کی ظاہری شکل کے درمیان فرق بیان کریں کہ ''ز'' کے اوپر ایک نقطہ ہوتا ہے، ''ڑ'' کے اوپر ایک ''ط'' ہوتی ہے جب کہ ''ر'' کے اوپر کوئی نقطہ یا ''ط'' نہیں ہوتی ہے۔

☆ ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔ مثلاً:

ا۔ ''ز'' سے زنجیر ۲۔ ''ز'' سے زرافہ ۳۔ ''ز'' سے زیبرا

☆ طلبہ سے STEAM کی سرگرمیاں کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ نقاط ملا کر کاپی اور کتاب میں "ز" لکھ سکیں۔

# حرف ''ژ'' کا تعارف

## مقاصد:

### طلبہ:

☆ ''ر،ڑ،ز'' کا اعادہ کر سکیں۔ ☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔

☆ ''ژ'' کی پہچان کر سکیں۔ ☆ "ژ" کی آواز پہچان سکیں۔ ☆ ''ژ'' درست طریقے سے لکھ سکیں۔

☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کر سکیں۔

☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ''ژ'' کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔

☆ ''ژ'' کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کر سکیں۔

## معاوناتِ تدریس:

☆ اردو کتاب۔

☆ ''ژ'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا (ژالہ باری)۔

☆ ''ژ'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈ (ژالہ باری)

☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''ژ''۔ ☆ تختہء تحریر۔

## کاروائی:

☆ فلیش کارڈز کی مدد سے اشیا کا تعارف کروائیں۔

☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے 'ژ' کی کہانی سنائیں۔

☆ 'ژ' کی آواز کا تعارف کروائیں۔

☆ حرف ''ژ'' کا تعارف کروائیں۔

☆ جماعت میں اگر کسی بچے کا نام ''ژ'' سے شروع ہوتا ہو تو اس کے بارے میں بتائیں۔

☆ ''ژ'' کی آواز کا دوبارہ تعارف کروائیں۔

ا۔ ''ژ'' کی آواز ''ژَا'' ہے۔ ۲۔ ''ژ'' انگریزی کے حرف Y کی آواز دیتی ہے۔

☆ بچوں کو یہ بتائیں کہ ''ر، ڑ، ز'' کی طرح، حرف ''ژ'' کا تعلق بھی ''ر'' کے خاندان سے ہی ہے۔

☆ بڑی سی ''ژ'' تختۂ تحریر پر لکھیں۔ بچوں کو ''ر، ڑ، ز'' اور ''ژ'' کی آوازوں کے درمیان فرق بیان کریں۔ بچوں کو ''ر، ڑ، ز'' اور ''ژ'' کی ظاہری شکل کے درمیان فرق بیان کریں کہ ''ز'' کے اوپر ایک نقطہ ہوتا ہے، ''ر'' کے اوپر کوئی نقطہ نہیں ہوتا، ''ڑ'' کے اوپر ایک ''ط'' ہوتی ہے جب کہ ''ژ'' کے اوپر تین نقطے ہوتے ہیں۔

☆ ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔ مثلاً:

ا۔ ''ژ'' سے ژالہ باری

☆ طلبہ سے STEAM کی سرگرمیاں کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ کاپی اور کتاب میں نقاط ملا کر "ژ" لکھ سکیں۔

# حرف ’’س‘‘ کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ ’’س‘‘ کی پہچان کرسکیں۔

☆ 'س' کی آواز پہچان سکیں۔ ☆ ’’س‘‘ کا ذخیرہ الفاظ بتاسکیں۔

☆ ’’س‘‘ کی لکھائی کرسکیں۔

**معاونات تدریس:**

☆ تختۂ تحریر۔

☆ سیب، سبزی، سائیکل اور سورج کی تصاویر یا فلیش کارڈز۔

☆ اردو کتاب۔

**کاروائی:**

☆ فلیش کارڈز کی مدد سے اشیا کا تعارف کروائیں۔

☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے کہانی سنائیں۔

☆ ’’س‘‘ کی آواز کا تعارف کروائیں۔

☆ 'س' کا تعارف کروائیں۔

ا۔ ’’س‘‘ کی آواز ’’سین‘‘ ہے۔ ۲۔ ’’س‘‘ انگریزی کے حرف s کی آواز دیتا ہے۔

☆ بورڈ پر بڑا سا ’’س‘‘ لکھ کر آواز بتائیں۔

ا۔ ’’س‘‘ سے سیب (ایک بچے کو سیب کھاتا ہوا دکھائیں)۔

۲۔ ’’س‘‘ سے سبزی (بچوں سے ان کی پسندیدہ سبزی کا نام پوچھیں)۔

۳۔ ’’س‘‘ سے سائیکل (کچھ بچوں کو سائیکل چلاتا ہوا دکھائیں)۔

۴۔ ’’س‘‘ سے سورج (گرمیوں کے موسم کا سورج دکھائیں)۔

- ☆ سنائی گئی کہانی کا فلیش کارڈز کی مدد سے اعادہ کروائیں۔
- ☆ ذخیرہ الفاظ کی دہرائی کروائیں۔
- ☆ بچوں سے ''س'' سے شروع ہونے والی کھانے کی چیز کا نام پوچھیں۔(سلاد)
- ☆ بچوں سے ''س'' سے شروع ہونے والی کسی ایسی چیز کا نام پوچھیں جو ہم چلاتے ہیں۔(سکوٹر)
- ☆ بچوں سے ''س'' سے شروع ہونے والے کسی موسم کا نام پوچھیں۔(سردی)
- ☆ بچوں سے ''س'' سے شروع ہونے والے کسی ایسے کام کے بارے میں پوچھیں جو ہم روزانہ کرتے ہیں۔(سونا)
- ☆ طلبہ سے STEAM کی سرگرمیاں کروائیں۔
- ☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ نقاط ملا کر کاپی اور کتاب میں "س" لکھ سکیں۔

# حرف ''ش'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

- ☆ ''س'' کا اعادہ کر سکیں۔
- ☆ ''ش'' کی پہچان کر سکیں۔
- ☆ ''ش'' کا ذخیرہ الفاظ بتا سکیں۔
- ☆ "ش" کی آواز پہچان سکیں۔
- ☆ ''ش'' کی لکھائی کر سکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

- ☆ تختۂ تحریر۔
- ☆ شلجم، شاخ، شیر اور شربت کی تصاویر یا فلیش کارڈز۔
- ☆ اردو کتاب۔

**کاروائی:**

- ☆ ذخیرہ الفاظ متعارف کروائیں۔
- ☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے کہانی سنائیں۔

☆ ’’ش‘‘ کی آواز کا تعارف کروائیں۔

☆ 'ش' کا تعارف کروائیں۔

۱۔ ’’ش‘‘ کی آواز ’’شین‘‘ ہے۔ ۲۔ ’’ش‘‘ انگریزی کے حرف Sh کی آواز دیتا ہے۔

☆ بورڈ پر بڑا ’’ش‘‘ لکھ کر آواز بتائیں۔

۱۔ ’’ش‘‘ سے شلجم ۲۔ ’’ش‘‘ سے شیر

۳۔ ’’ش‘‘ سے شاخ ۴۔ ’’ش‘‘ سے شربت

☆ سنائی گئی کہانی کا فلیش کارڈز کی مدد سے اعادہ کروائیں۔

☆ آواز کی مشق کی دہرائی کریں۔ ذخیرہ الفاظ کی دہرائی کریں۔

☆ بچوں سے ’’ش‘‘ سے شروع ہونے والی کسی سبزی کا نام پوچھیں۔(شملہ مرچ)

☆ بچوں سے ’’ش‘‘ سے شروع ہونے والے کسی ایسے جانور کا نام پوچھیں جو جنگل کا بادشاہ ہے۔(شیر)

☆ بچوں سے ’’ش‘‘ سے شروع ہونے والے کسی پھل کا نام پوچھیں۔(شہتوت)

☆ طلبہ سے صفحہ 66 کی بلند خوانی کرواکے STEAM کی سرگرمیاں مکمل کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ کاپی اور کتاب میں نقاط ملا کر "ش" لکھ سکیں اور صفحہ 69 مکمل کرسکیں۔

# حرف ’’ص‘‘ کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ ’’س، ش‘‘ کا اعادہ کرسکیں۔ ☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کرسکیں۔

☆ ص کی آواز کی پہچان کرسکیں۔ ☆ ’’ص‘‘ کی پہچان کرسکیں۔

☆ ’’ص‘‘ درست طریقے سے لکھ سکیں۔ ☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کرسکیں۔

☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ’’ص‘‘ کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔

☆ ’’ص‘‘ کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کرسکیں۔ ☆ 'ص' کا تعارف کروائیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ اردو کتاب۔

☆ ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا (صندوق، صابن، صراحی، صوفہ)۔

☆ ''ص'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (صندوق، صابن، صراحی، صوفہ)۔

☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''ص''۔ ☆ تختۂ تحریر۔

**کاروائی:**

☆ فلیش کارڈز کی پانچ سے سات منٹ تک پڑھائی کروائیں۔ (اشیا کی شناخت کروائیں)

☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے کہانی سنائیں۔

☆ ''ص'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔

۱۔ ''ص'' کی آواز ''صادؔ'' ہے۔ ۲۔ ''ص'' انگریزی کے حرف S کی آواز دیتا ہے۔

☆ کہانی سنانے کے بعد ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔ مثلاً:

۱۔ ''ص'' سے صندوق ۲۔ ''ص'' سے صابن

۳۔ ''ص'' سے صراحی ۴۔ ''ص'' سے صوفہ

☆ اردو کتاب کے صفحہ نمبر 73 کو سامنے رکھتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ اس صفحے میں آپ کو کیا کیا نظر آ رہا ہے؟

☆ آواز کی مشق کی دہرائی کریں۔ ذخیرہ الفاظ کی دہرائی کریں۔

☆ صفحہ STEAM کی سرگرمیاں کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ نقاط ملا کر کاپی اور کتاب میں 'ص' لکھ سکیں۔

# حرف ''ض'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ ''س، ش'' اور ''ص'' کا اعادہ کر سکیں۔ ☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔

☆ ''ض'' کی پہچان کرسکیں۔ ☆ "ض" کی آواز پہچان سکیں۔ ☆ ''ض'' درست طریقے سے لکھ سکیں۔

☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کرسکیں۔

☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ''ض'' کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔

☆ ''ض'' کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کرسکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ اردو کتاب۔

☆ ''ض'' کے ذخیرہ الفاظ پرمبنی تصاویر یا حقیقی اشیا (ضعیف،ضد)۔

☆ ''ض'' کے ذخیرہ الفاظ پرمبنی فلیش کارڈز (ضعیف،ضد)۔

☆ سینڈ پیپر پرلکھا ہوا حرف ''ض''۔ ☆ تختۂ تحریر۔

**کاروائی:**

☆ کیوآر کوڈ کی مدد سے کہانی سنائیں:

☆ ''ض'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔ ☆ حرف ''ض'' کا تعارف کروائیں۔

ا۔ ''ض'' کی آواز ''ضاد'' ہے۔ ۲۔ ''ض'' انگریزی کے حرف Z کی آواز دیتا ہے۔

☆ اردو کتاب'' کے صفحہ نمبر 76 پر نظر آنے والی تصاویر کے فلیش کارڈز بچوں کو دکھائیں۔

☆ بڑا سا ''ض'' تختۂ تحریر پر بنائیں۔ بچوں کو ''ص'' اور ''ض'' کی آوازوں کے درمیان فرق بیان کریں۔ بچوں کو ''ص'' اور ''ض'' کی ظاہری شکل کے درمیان فرق بیان کریں کہ ''ض'' کے سر پر ایک نقطہ ہوتا ہے، ''ص'' کے سر پر کوئی نقطہ نہیں ہوتا ہے۔

☆ ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔ مثلاً:

ا۔ ''ض'' سے ضعیف ۲۔ ''ض'' سے ضد

☆ جماعت میں موجود بچوں سے حرف ''ض'' سے شروع ہونے والے ناموں کا تعارف کروائیں۔

☆ STEAM کی سرگرمیاں کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ کاپی اور کتاب میں نقاط لا کر 'ص' لکھ سکیں۔

☆ طلبہ سے صفحہ 79 مکمل کروائیں۔

# حرف ''ط'' کا تعارف

## مقاصد:

### طلبہ:

☆ ''ط'' کی پہچان کرسکیں۔☆ 'ط' کی آواز پہچان سکیں۔ ☆ ''ط'' کا ذخیرہ الفاظ بتا سکیں۔

☆ ''ط'' کی لکھائی کرسکیں۔

## معاوناتِ تدریس:

☆ تختۂ تحریر۔

☆ طوطا، طاقت، طالب علم اور طیارے کی تصاویر یا فلیش کارڈز۔

☆ اردو کتاب۔

## کاروائی:

☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے طلبہ کو 'ط' کی کہانی سنائیں۔

☆ ''ط'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔ ☆ 'ط' کا تعارف کروائیں۔

ا۔ ''ط'' کی آواز ''طا'' ہے۔ ۲۔ ''ط'' انگریزی کے حرف T کی آواز دیتی ہے۔

☆ بورڈ پر بڑی سی ''ط'' بنا کر آواز بتائیں۔

ا۔ ''ط'' سے طوطا (طوطا امرود کھاتا ہوا دکھائیں)۔

۲۔ ''ط'' سے طاقت (بچوں کو کوئی جسمانی کھیل کرتے ہوئے دکھائیں)۔

۳۔ ''ط'' سے طالب علم (کچھ طلبہ کو سکول میں پڑھتے ہوئے دکھائیں)۔

۴۔ ''ط'' سے طیارہ (طیارہ ہوا میں اڑتا ہوا دکھائیں)۔

☆ سنائی گئی کہانی کا فلیش کارڈز کی مدد سے اعادہ کروائیں۔

☆ آواز کی مشق کی دہرائی کریں۔

☆ ذخیرہ الفاظ کی دہرائی کریں۔

☆ بچوں سے ''ط'' سے شروع ہونے والی کسی ایسی چیز کا نام پوچھیں جو موسیقی میں استعمال ہوتی ہے۔ (طبلہ)

☆ طلبہ سے STEAM کی سرگرمیاں کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ نقاط ملا کر کاپی اور کتاب میں 'ط' لکھنے کی مشق کرسکیں۔

# حرف ’’ظ‘‘ کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ ’’ظ‘‘ کا اعادہ کر سکیں۔
☆ ’’ظ‘‘ کی پہچان کر سکیں۔
☆ ’’ظ‘‘ کا ذخیرہ الفاظ بتا سکیں۔
☆ ’’ظ‘‘ کی لکھائی کر سکیں۔
☆ 'ظ' کی آواز پہچان سکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ تختۂ تحریر۔
☆ ظروف کی تصاویر یا فلیش کارڈز۔

**کاروائی:**

☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے "ظ" کی کہانی سنائیں۔
☆ ’’ظ‘‘ کی آواز کا تعارف کروائیں۔
☆ 'ظ' کا تعارف کروائیں۔

۱۔ ’’ظ‘‘ کی آواز ’’ظَا‘‘ ہے۔
۲۔ ’’ظ‘‘ انگریزی کے حرف Z کی آواز دیتی ہے۔

☆ بورڈ پر بڑی سی ’’ظ‘‘ لکھ کر آواز بتائیں۔

۱۔ ’’ظ‘‘ سے ظروف
۲۔ ’’ظ‘‘ سے ظہر
۳۔ ’’ظ‘‘ سے ظل
۴۔ ’’ظ‘‘ سے ظریف

☆ آواز کی دہرائی کریں۔ ذخیرہ الفاظ کی دہرائی کریں۔
☆ بچوں سے ’’ظ‘‘ سے شروع ہونے والی کسی نماز کا نام پوچھیں۔ (ظہر)
☆ بچوں سے ’’ظ‘‘ سے شروع ہونے والے کسی نام کا پوچھیں۔ (ظلِ اکبر، ظلِ ہما)
☆ بچوں سے ’’ظ‘‘ سے شروع ہونے والی کسی والی چیز کا نام پوچھیں۔ (ظروف)
☆ طلبہ سے STEAM کی سرگرمیاں کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ نقاط ملا کر کاپی اور کتاب میں "ظ " لکھ سکیں۔

# حرف ''ع'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔

☆ ''ع'' کی پہچان کر سکیں۔

☆ 'ع' کی آواز پہچان سکیں۔

☆ ''ع'' درست طریقے سے لکھ سکیں۔

☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کر سکیں۔

☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ''ع'' کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔

☆ ''ع'' کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کر سکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ اردو کتاب۔

☆ ''ص'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا (عینک، عقاب، عمارت، عورت)۔

☆ ''ص'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (عینک، عقاب، عمارت، عورت)۔

☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''ع''۔ ☆ تختہ تحریر۔

**کاروائی:**

☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے 'ع' کی کہانی سنائیں۔

☆ فلیش کارڈز کی پانچ سے سات منٹ تک پڑھائی کروائیں۔

☆ ''ع'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔ ☆ 'ع' کا تعارف کروائیں۔

۱۔ ''ع'' کی آواز ''عَین'' ہے۔ ۲۔ ''ع'' انگریزی کے حرف A & U کی آواز دیتا ہے۔

☆ ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔مثلاً:

۱۔ ’’ع‘‘ سے عینک ۲۔ ’’ع‘‘ سے عمارت

۳۔ ’’ع‘‘ سے عورت ۴۔ ’’ع‘‘ سے عقاب

☆ اردو کتاب کے صفحہ نمبر 76 کو سامنے رکھتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ اس صفحے میں آپ کو کیا کیا نظر آ رہا ہے؟

☆ آواز کی دہرائی کریں۔ذخیرہ الفاظ کی دہرائی کریں۔

☆ ’’ع‘‘ سے شروع ہونے والے چند نام بتائیں۔(عاطف، عارف، عالیہ، عمارہ، عامر)

☆ طلبہ سے STEAM کی سرگرمیاں کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ نقاط ملا کر کاپی اور کتاب میں "ع" لکھنے کی مشق کر سکیں۔

# حرف ’’غ‘‘ کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ ’’ع‘‘ کا اعادہ کر سکیں۔

☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔

☆ ’’غ‘‘ کی پہچان کر سکیں۔

☆ 'غ' کی آواز پہچان سکیں۔

☆ ’’غ‘‘ درست طریقے سے لکھ سکیں۔

☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کر سکیں۔

☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ’’غ‘‘ کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔

☆ ’’غ‘‘ کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کر سکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ ’’ض‘‘ کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر یا حقیقی اشیا (غبارہ، غلیل، غار، غرارہ)۔

☆ ’’ض‘‘ کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (غبارہ، غلیل، غار، غرارہ)۔

☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''غ''۔

☆ تختہء تحریر۔

## کاروائی:

☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے طلبہ کو "غ" کی کہانی سنائیں۔

☆ ''غ'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔

☆ حرف ''غ'' کا تعارف کروائیں۔

ا۔ ''غ'' کی آواز ''غَین'' ہے۔

۲۔ ''غ'' انگریزی کے حرف Gh کی آواز دیتا ہے۔

☆ بڑا سا ''غ'' تختہء تحریر پر لکھیں۔ بچوں کو ''ع'' اور ''غ'' کی آوازوں کے درمیان فرق بیان کریں۔ بچوں کو ''ع'' اور ''غ'' کی ظاہری شکل کے درمیان فرق بیان کریں کہ ''غ'' کے سر پر ایک نقطہ ہوتا ہے، ''ع'' کے سر پر کوئی نقطہ نہیں ہوتا ہے۔

☆ ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔ مثلاً:

ا۔ ''غ'' سے غبارہ ۲۔ ''غ'' سے غلیل

۳۔ ''غ'' سے غار ۴۔ ''غ'' سے غرارہ

☆ جماعت میں موجود بچوں سے حرف ''غ'' سے شروع ہونے والے ناموں کا تعارف کروائیں۔

☆ طلبہ سے STEAM کی سرگرمیاں کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ نقاط ملا کر کتاب اور کاپی میں "غ" لکھ سکیں۔

☆ اگلے پیریڈ میں طلبہ صفحہ 92 پر کام کریں۔

## دہرائی:

☆ تختہ تحریر پر مختلف اشیا کے فلیش کارڈز چسپاں کر کے طلبہ سے ان کے نام اور شروع کی آوازیں پوچھیں۔

☆ تصاویر کے نیچے مختلف حروف لکھ کر طلبہ سے درست حرف کا انتخاب کرنے کو کہیں۔

☆ تختہ تحریر کو دو حصوں میں بانٹ کر ایک حصے میں حروف اور دوسرے میں اشیا کے فلیش کارڈز چسپاں کر کے طلبہ کو حروف اشیا سے ملانے کو کہیں۔

# حرف ''ف'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔ ☆ 'ف' کی آواز کی پہچان کر سکیں۔

☆ ''ف'' کی پہچان کر سکیں۔ ☆ ''ف'' درست طریقے سے لکھ سکیں۔

☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کر سکیں۔

☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ''ف'' کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔

☆ ''ف'' کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کر سکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ اردو کتاب۔

☆ ''ف'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا (فاختہ، فوجی، فانوس، فوارہ)۔

☆ ''ف'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (فاختہ، فوجی، فانوس، فوارہ)۔

☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''ف''۔ ☆ تختۂ تحریر۔

**کاروائی:**

☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے کہانی سنائیں۔

☆ فلیش کارڈز کی پانچ سے سات منٹ تک پڑھائی کروائیں۔

☆ ''ف'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔ ☆ 'ف' کا تعارف کروائیں۔

ا۔ ''ف'' کی آواز ''فَا'' ہے۔ ۲۔ ''ف'' انگریزی کے حرف F کی آواز دیتی ہے۔

☆ ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔ مثلاً:

ا۔ ''ف'' سے فانوس ۲۔ ''ف'' سے فوارہ

۳۔ ''ف'' سے فوجی ۴۔ ''ف'' سے فاختہ

☆ آواز کی مشق کے بعد تختۂ تحریر پر بڑی سی ''ف'' لکھیں۔ ''ف'' کو لکھتے ہوئے بچوں کو تیر کی سمت کی بار بار وضاحت کر کے کام کروائیں۔

- ☆ اردو کتاب کے صفحہ نمبر 93 کو سامنے رکھتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ اس صفحے پر آپ کو کیا کیا نظر آ رہا ہے؟
- ☆ طلبہ سے STEAM کی سرگرمیاں کروائیں۔
- ☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ نقاط ملا کاپی اور کتاب میں 'ف' لکھ سکیں۔

# حرف ''ق'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

- ☆ طلبہ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔
- ☆ 'ق' کی آواز کی پہچان کر سکیں۔
- ☆ ''ق'' کی پہچان کر سکیں۔
- ☆ ''ق'' درست طریقے سے لکھ سکیں۔
- ☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کر سکیں۔
- ☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ''ق'' کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔
- ☆ ''ق'' کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کر سکیں۔

**معاونات تدریس:**

- ☆ اردو کتاب۔
- ☆ ''ق'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا (قلفی، قرآن، قلم، قینچی)۔
- ☆ ''ق'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، (قلفی، قرآن، قلم، قینچی)۔
- ☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''ق''۔
- ☆ تختہ تحریر۔

**کاروائی:**

- ☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے 'ق' کی کہانی سنائیں۔
- ☆ فلیش کارڈز کی پانچ سے سات منٹ تک پڑھائی کروائیں۔
- ☆ 'ق' کی آواز کا تعارف کروائیں۔
- ☆ 'ق' کا تعارف کروائیں۔

ا۔ ''ق'' کی آواز ''قاف'' ہے۔ ۲۔ ''ق'' انگریزی کے حرف Q کی آواز دیتا ہے۔

- ☆ کہانی سنانے کے بعد ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔ مثلاً:

ا۔ ''ق'' سے قرآن ۲۔ ''ق'' سے قلم

۳۔ ''ق'' سے قلفی ۴۔ ''ق'' سے قینچی

☆ جماعت میں موجود بچوں سے حرف ''ق'' سے شروع ہونے والے ناموں کا تعارف کروائیں، جیسا کہ قمر، قرینہ اور قدسیہ وغیرہ۔

☆ آواز کی مشق کے بعد تختۂ تحریر پر بڑا سا ''ق'' لکھیں۔ ''ق'' کو لکھتے ہوئے بچوں کو تیر کی سمت کی بار بار وضاحت کر کے کام کروائیں۔

☆ اردو کتاب کے صفحہ نمبر 96 کو سامنے رکھتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ اس صفحے میں آپ کو کیا کیا نظر آ رہا ہے؟

☆ بچوں سے ''ق'' سے شروع ہونے والی کسی پہننے والی چیز کا نام پوچھیں۔ (قمیص)

☆ بچوں سے ''ق'' سے شروع ہونے والے پاکستان کے کسی شہر کا نام پوچھیں۔ (قلات)

☆ طلبہ سے STEAM کی سرگرمیاں کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ نقاط ملا کر کتاب اور کاپی میں 'ق' لکھنے کی مشق کر سکیں۔

# حرف ''ک'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔

☆ 'ک' کی آواز کی پہچان کر سکیں۔ ☆ ''ک'' کی پہچان کر سکیں۔

☆ ''ک'' درست طریقے سے لکھ سکیں۔ ☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کر سکیں۔

☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ''ک'' کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔

☆ ''ک'' کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کر سکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ اردو کتاب۔

☆ ''ک'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا ( کبوتر، کشتی، کچھوا، کوا)۔

☆ ''ک'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز، مثلاً ( کبوتر، کشتی، کچھوا، کوا)۔

☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''ک''۔ ☆ تختہ ءتحریر۔

**کاروائی:**

☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے 'ک' کی کہانی سنائیں۔

☆ فلیش کارڈز کی پانچ سے سات منٹ تک پڑھائی کروائیں۔

☆ ''ک'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔ ☆ 'ک' کا تعارف کروائیں۔

ا۔ ''ک'' کی آواز ''کاف'' ہے۔ ۲۔ ''ک'' انگریزی کے حرف K & C کی آواز دیتا ہے۔

☆ ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔ مثلاً:

ا۔ ''ک'' سے کوا ۲۔ ''ک'' سے کشتی

۳۔ ''ک'' سے کبوتر ۴۔ ''ک'' سے کچھوا

☆ جماعت میں موجود بچوں سے حرف ''ک'' سے شروع ہونے والے ناموں کا تعارف کروائیں، جیسا کہ کشمالہ، کریم، کاظم وغیرہ۔

☆ آواز کی مشق کے بعد تختہ ءتحریر پر بڑا سا ''ک'' لکھیں۔

☆ اردو کتاب کے صفحہ نمبر 99 کو سامنے رکھتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ اس صفحے پر آپ کو کیا کیا نظر آرہا ہے؟

☆ طلبہ سے STEAM کی سرگرمیاں کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ نقاط ملا کر کاپی یا کتاب میں 'ک' لکھنے کی مشق کرسکیں۔

# حرف ''گ'' کا تعارف

## مقاصد:

### طلبہ:

☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کرسکیں۔

☆ 'گ' کی آواز پہچان سکیں۔

☆ ''گ'' کی پہچان کرسکیں۔ ☆ ''گ'' درست طریقے سے لکھ سکیں۔

☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کرسکیں۔

☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ''گ'' کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔

☆ ''گ'' کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کرسکیں۔

## معاوناتِ تدریس:

☆ اردو کتاب۔

☆ ''گ'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا (گاجر، گلہری، گڑیا، گرمی)۔

☆ ''گ'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (گاجر، گلہری، گڑیا، گرمی)۔

☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''گ''۔ ☆ تختہ ءتحریر۔

## کارروائی:

☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے طلبہ کو کہانی سنائیں۔

☆ 'ک' کی آواز متعارف کروائیں۔ ☆ 'ک' متعارف کروائیں۔

☆ بڑا سا ''گ'' تختۂ تحریر پر لکھیں۔ بچوں کو ''ک'' اور ''گ'' کی آوازوں کے درمیان فرق بیان کریں۔ بچوں کو ''ک'' اور ''گ'' کی ظاہری شکل کے درمیان فرق بیان کریں۔

☆ ''گ'' کی آواز کا دوبارہ تعارف کروائیں۔

ا۔ ''گ'' کی آواز ''گاف'' ہے۔ ۲۔ ''گ'' انگریزی کے حرف Gh کی آواز دیتا ہے۔

☆ اردو کتاب کے صفحہ نمبر 102 پر نظر آنے والی تصاویر کے فلیش کارڈز بچوں کو دکھائیں۔

☆ ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔ مثلاً:

ا۔ ''گ'' سے گاجر ۲۔ ''گ'' سے گلہری

۳۔ ''گ'' سے گڑیا ۴۔ ''گ'' سے گرمی

☆ جماعت میں موجود بچوں سے حرف ''گ'' سے شروع ہونے والے ناموں کا تعارف کروائیں، گڑیا، گلشن وغیرہ۔

☆ طلبہ سے STEAM کی سرگرمیاں کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ نقاط ملا کر کاپی اور کتاب میں "گ" لکھنے کی مشق کر سکیں۔

# حرف ''ل'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔ ☆ ''ل'' کی پہچان کر سکیں۔

☆ 'ل' کی آواز پہچان سکیں۔

☆ ''ل'' درست طریقے سے لکھ سکیں۔ ☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کر سکیں۔

☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ''ل'' کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔

☆ ''ل'' کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کر سکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ اردو کتاب۔

☆ ''ل'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا (لفافہ، لومڑی، لکڑی، لٹو)۔

☆ ''ل'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (لفافہ، لومڑی، لکڑی، لٹو)۔

☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''ل''۔ ☆ تختہ ءتحریر۔

## کاروائی:

☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے 'ل' کی کہانی سنائیں۔

☆ ''ل'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔ ☆ 'ل' کا تعارف کروائیں۔

ا۔ ''ل'' کی آواز ''لام'' ہے۔ ۲۔ ''ل'' انگریزی کے حرف L کی آواز دیتا ہے۔

☆ بڑا ''ل'' تختہ ءتحریر پر لکھیں۔

☆ ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔ مثلاً:

ا۔ ''ل'' سے لکڑی ۲۔ ''ل'' سے لٹو

۳۔ ''ل'' سے لفافہ ۴۔ ''ل'' سے لومڑی

☆ جماعت میں موجود بچوں سے حرف ''ل'' سے شروع ہونے والے ناموں کا تعارف کروائیں، جیسا کہ لیاقت، لائبہ، لبنٰی وغیرہ۔

☆ آواز کی مشق کے بعد تختہ ءتحریر پر بڑا سا ''ل'' لکھیں۔ ''ل'' کو لکھتے ہوئے بچوں کو تیر کی سمت کی بار بار وضاحت کر کے کام کروائیں۔

☆ اردو کتاب کے صفحہ نمبر 106 کو سامنے رکھتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ اس صفحے پر آپ کو کیا کیا نظر آرہا ہے؟ اس صفحے پر موجود چیزوں کے رنگ اور تعداد پوچھیں۔

☆ بچوں سے ''ل'' سے شروع ہونے والے عمل کے بارے میں پوچھیں۔ (لڑنا)

☆ بچوں سے ''ل'' سے شروع ہونے والی کسی جنس کے بارے میں پوچھیں۔ (لڑکی، لڑکا)

☆ بچوں سے ''ل'' سے شروع ہونے والے کسی رنگ کے بارے میں پوچھیں۔ (لال)

☆ بچوں سے ''ل'' سے شروع ہونے والے کسی شہر کا نام پوچھیں۔ (لاہور)

☆ طلبہ سے STEAM کی سرگرمیاں کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ نقاط ملا کر کاپی اور کتاب میں 'ل' لکھ سکیں۔

# حرف ''م'' کا تعارف

## مقاصد:

### طلبہ:

☆ طلبہ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کرسکیں۔

☆ ''م'' کی پہچان کرسکیں۔

☆ 'م' کی آواز پہچان سکیں۔

☆ ''م'' درست طریقے سے لکھ سکیں۔

☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کرسکیں۔

☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ''م'' کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔

☆ ''م'' کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کرسکیں۔

## معاوناتِ تدریس:

☆ اردو کتاب۔

☆ ''م'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا (مرغی، مینڈک، مور، موم بتی)۔

☆ ''م'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (مرغی، مینڈک، مور، موم بتی)۔

☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''م''۔

☆ تختۂ تحریر۔

## کاروائی:

☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے 'م' کی کہانی سنائیں۔

☆ ''م'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔

☆ علامت ''م'' کا تعارف کروائیں۔

ا۔ ''م'' کی آواز ''میم'' ہے۔

۲۔ ''م'' انگریزی کے حرف M کی آواز دیتا ہے۔

☆ ''م'' سے شروع ہونے والی اشیا کی تصاویر یا ان کے فلیش کارڈ کا تعارف کروائیں۔

☆ ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔مثلاً:

| | |
|---|---|
| ا۔ ''م'' سے موم بتی | ۲۔ ''م'' سے مینڈک |
| ۳۔ ''م'' سے مرغا | ۴۔ ''م'' سے مور |

☆ بچوں کو نظم ''مچھلی جل کی رانی ہے'' سنائیں:

☆ تختۂ تحریر پر بڑا سا ''م'' لکھیں۔''م'' کو لکھتے ہوئے بچوں کو تیر کی سمت کی بار بار وضاحت کر کے کام کروائیں۔

☆ اردو کتاب کے صفحہ نمبر 109 کو سامنے رکھتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ اس صفحے پر آپ کو کیا کیا نظر آ رہا ہے؟

☆ بچوں سے ''م'' سے شروع ہونے والی کسی سبزی کا نام پوچھیں۔(مٹر،مولی)

☆ بچوں سے ''م'' سے شروع ہونے والے کسی جانور کا نام پوچھیں۔(مچھلی)

☆ بچوں سے ''م'' سے شروع ہونے والے کسی رشتے کا نام پوچھیں۔(ماں،ماموں،ممانی)

☆ بچوں سے ''م'' سے شروع ہونے والے کسی شہر کا نام پوچھیں۔(ملتان،مردان،میانوالی)

☆ طلبہ سے STEAM کی سرگرمیاں کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ نقاط ملا کر کاپی اور کتاب میں "م" لکھ سکیں۔

# حرف ''ن'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ ''ن'' کی پہچان کر سکیں۔

☆ ''ن'' کا ذخیرہ الفاظ بتا سکیں۔

☆ ''ن'' کی لکھائی کر سکیں۔

☆ 'ن' کی آواز پہچان سکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ تختۂ تحریر۔

☆ ناریل،نل،نماز اور ناک کی تصاویر یا فلیش کارڈز۔

☆ اردو کتاب۔

**کاروائی:**

☆ کیوآر کوڈ کی مدد سے طلبہ کو 'ن' کی کہانی سنائیں۔

☆ ''ن'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔ ☆ 'ن' کا تعارف کروائیں۔

۱۔ ''ن'' کی آواز ''نون'' ہے۔ ۲۔ ''ن'' انگریزی کے حرف N کی آواز دیتا ہے۔

☆ بورڈ پر بڑا سا ''ن'' لکھ کر آواز بتائیں۔

☆ سنائی گئی کہانی کا فلیش کارڈز کی مدد سے اعادہ کروائیں۔

☆ ذخیرہ الفاظ کی دہرائی کریں۔

☆ بچوں سے ''ن'' سے شروع ہونے والے جسم کے کسی حصے کا نام پوچھیں۔ (ناک)

☆ بچوں سے ''ن'' سے شروع ہونے والے کسی پیشے کا نام پوچھیں۔ (نرس)

☆ بچوں سے ''ن'' سے شروع ہونے والے کسی عدد کے بارے میں پوچھیں۔ (نو)

☆ بچوں سے ''ن'' سے شروع ہونے والے کسی ایسے کام کے بارے میں پوچھیں جو ہم کبھی کبھی کرتے ہیں۔ (ناراض ہونا)

☆ طلبہ سے STEAM کی سرگرمیاں کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں ان کی مدد کریں کہ وہ نقاط ملا کر کاپی اور کتاب میں 'ن' لکھ سکیں۔

# حرف ''و'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ ''و'' کی پہچان کر سکیں۔ ☆ ''و'' کا ذخیرہ الفاظ بتا سکیں۔

☆ ''و'' کی لکھائی کر سکیں۔ ☆ 'و' کی آواز پہچان سکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ تختۂ تحریر۔ ☆ ورق، ورزش، ووٹ اور وردی کی تصاویر یا فلیش کارڈز۔

☆ اردو کتاب۔

**کاروائی:**

☆ طلبہ کو کیو آر کوڈ کی مدد سے 'و' کی کہانی سنائیں۔ ☆ 'و' متعارف کروائیں۔

☆ ''و'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔

ا۔ ''و'' کی آواز ''واؤ'' ہے۔

۲۔ ''و'' انگریزی کے حرف V, W & O کی آواز دیتا ہے۔

☆ بورڈ پر بڑا سا ''و'' لکھ کر آواز دوبارہ بتائیں۔

ا۔ ''و'' سے ووٹ ۲۔ ''و'' سے ورق

۳۔ ''و'' سے وردی ۴۔ ''و'' سے وردی

☆ بچوں سے ''و'' سے شروع ہونے والی کسی سواری کا نام پوچھیں۔ (ویگن)

☆ بچوں سے ''و'' سے شروع ہونے والے کسی جانور کا نام پوچھیں۔ (وہیل)

☆ بچوں سے ''و'' سے شروع ہونے والے کسی انسان کا نام پوچھیں۔ (ودود، وسیم، واجد، وجیہہ)

☆ صفحہ 115 کی بلند خوانی کے بعد STEAM کی سرگرمیاں کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ نقاط ملا کر کتاب اور کاپی میں 'و' لکھ سکیں اور صفحہ 117 مکمل کر سکیں۔

# حرف ''ہ'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔

☆ 'ہ' آواز کی پہچان کر سکیں۔ ☆ ''ہ'' کی پہچان کر سکیں۔

☆ ''ہ'' درست طریقے سے لکھ سکیں۔ ☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کر سکیں۔

☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ''ہ'' کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔

☆ ''ہ'' کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کر سکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ اردو کتاب۔

☆ ''ہ'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا (ہرن، ہار، ہاتھ، ہڈی)۔

☆ ''ہ'' کے ذخیرہ الفاظ پر مبنی فلیش کارڈز (ہرن، ہار، ہاتھ، ہڈی)۔

☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''ہ''۔ ☆ تختۂ تحریر۔

**کاروائی:**

☆ کیو آر کوڈ کی مدد سے "ہ" کی کہانی سنائیں۔

☆ فلیش کارڈز کی پانچ سے سات منٹ تک پڑھائی کروائیں۔

☆ ''ہ'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔ ☆ 'ہ' متعارف کروائیں۔

ا۔ ''ہ'' کی آواز ''ھا'' ہے۔ ۲۔ ''ہ' انگریزی کے حرف H کی آواز دیتی ہے۔

☆ ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔ مثلاً:

ا۔ ''ہ'' سے ہڈی ۲۔ ''ہ'' سے ہرن

۳۔ ''ہ'' سے ہار ۴۔ ''ہ'' سے ہاتھ

☆ اردو کتاب کے صفحہ نمبر 118 کو سامنے رکھتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ اس صفحے پر آپ کو کیا کیا نظر آ رہا ہے۔

☆ بچوں کو ''ہ'' سے شروع ہونے والے کسی بڑے سے جانور کا نام پوچھیں۔ (ہاتھی)

☆ بچوں کو ''ہ'' سے شروع ہونے والے کسی انسان کا نام پوچھیں۔ (ہارون، ہادیہ، ہادی)

☆ بچوں کو ''ہ'' سے شروع ہونے والے جسم کے کسی حصے کا نام پوچھیں۔ (ہاتھ، ہتھیلی)

☆ صفحہ 118 کی بلند خوانی کے بعد STEAM کی سرگرمیاں کروائیں۔

☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ نقاط ملا کر کاپی اور کتاب میں 'ہ' لکھنے کی مشق کر سکیں۔

# حرف ''ء'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ منتخب ذخیرہ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کرسکیں۔
☆ ''ء'' کی پہچان کرسکیں۔
☆ ''ء'' درست طریقے سے لکھ سکیں۔
☆ اپنے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کرسکیں۔
☆ 'و' کی اواز پہچان سکیں۔
☆ چھوٹے چھوٹے جملوں کی مدد سے ''ء'' کی پہچان اور استعمال سیکھ جائیں۔
☆ ''ء'' کے ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کہانی بیان کرسکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ اردو کتاب۔
☆ ''ء'' کے ذخیرہ الفاظ پرمبنی تصاویر یا حقیقی اشیا (گائے، چائے، آئینہ)۔
☆ ''ء'' کے ذخیرہ الفاظ پرمبنی فلیش کارڈز (گائے، چائے، آئینہ)۔
☆ سینڈ پیپر پر لکھا ہوا حرف ''ء''۔
☆ تختہ ءتحریر۔

**کاروائی:**

☆ کیوآر کوڈ کی مدد سے "ء" کی کہانی سنائیں۔
☆ ''ء'' کی آواز کا تعارف کروائیں۔
☆ حرف ''ء'' کا تعارف کروائیں۔

ا۔ ''ء'' کی آواز ''ھمزَہ'' ہے۔ ۲۔ ''ء'' انگریزی کے حرف Ay la کی آواز دیتی ہے۔

☆ بڑی سی ''ء'' تختہ ءتحریر پر لکھیں۔
☆ ذخیرہ الفاظ کی بول کر مشق کروائیں۔ مثلاً:

ا۔ ''ء'' سے گائے ۲۔ ''ء'' سے چائے ۳۔ ''ء'' سے آئینہ

☆ اردو کتاب کے صفحہ نمبر 121 کو سامنے رکھتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ اس صفحے پر آپ کو کیا کیا نظر آرہا ہے؟
☆ صفحہ نمبر 121 کی بلند خوانی کے بعد STEAM کی سرگرمیاں کروائیں۔
☆ اگلے دو پیریڈ میں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ نقاط ملا کر کاپی اور کتاب میں 'ء' لکھ سکیں۔

# حرف ''ی'' اور ''ے'' کا تعارف

**مقاصد:**

**طلبہ:**

☆ ''ی''اور''ے'' کی پہچان کرسکیں اوران کی آوازیں سمجھ سکیں۔
☆ ''ی''اور''ے'' کاذخیرہ الفاظ بتاسکیں۔
☆ ''ی''اور''ے'' کی لکھائی کرسکیں۔

**معاوناتِ تدریس:**

☆ تختۂ تحریر۔
☆ گاڑی، مالی، روٹی اورٹافی کی تصاویریافلیش کارڈز۔
☆ اردو کتاب۔

**کاروائی:**

☆ کیوآرکوڈ کی مدد سے کہانی سنائیں۔
☆ ی/ ے کاتعارف کروائیں۔
☆ ''ی'' کی آواز کاتعارف کروائیں۔

ا۔ ''ی'' کی آواز''یا'' ہے۔
۲۔ ''ی''انگریزی کےحرفY & U کی آوازدیتاہے۔

☆ بورڈپر بڑی سی''ی'' لکھ کرآواز بتائیں۔
☆ آواز کی مشق کی دہرائی کریں۔
☆ ذخیرہ الفاظ کی دہرائی کریں۔
☆ بچوں سے''ی'' سےشروع ہونے والےکسی انسان کانام پوچھیں۔(یامین، یاسر، یمنیٰ)
☆ بچوں سے''ی'' سےشروع ہونے والےکسی رشتے کانام پوچھیں۔(یاری)
☆ صفحہ نمبر125 کی بلندخوانی کے بعدSTEAM کی سرگرمیاں کروائیں۔
☆ اگلے دوپیریڈمیں طلبہ کی مدد کریں کہ وہ نقاط ملاکر'ی'اور'ے' لکھ سکیں۔
☆ اگلے دوپیریڈمیں دہرائی کےصفحات مکمل کروائیں۔